البرٹا کووِڈ ریکارڈز کی تصدیق کرنے والی ایپ کا استعمال کیسے کرنا ہے

مرحلہ 1: ایپ ڈاؤن لوڈ کریں

انٹرنیٹ کنیکشن کے ساتھ، اے بی کووِڈ ریکارڈز ویریفائر ایپ گوگل پلے یا ایپ اسٹور سے مُفت ڈاؤن لوڈ کریں۔ موزوں ٹیبلیٹس اور موبائل ڈیوائسز پر آئی او ایس 13 یا اینڈرائڈ 8 یا اس سے اوپر لازمی طور پر چلتے ہوئے ہونے چاہئیں۔

آپ کو ایپ کیلئے اپنی ڈیوائس کے کیمرے تک رسائی کی اجازت دینا ہوگی۔

جب آپ ایپ ڈاؤن لوڈ کر لیتے ہیں، تو آپ ایپ کو آف لائن استعمال کرنا جاری رکھ سکتے ہیں۔

کیوآرکوڈز (QR Codes) کو اسکین کرنے کیلئے کسی انٹرنیٹ کنیکشن کی ضرورت نہیں ہے۔

اے بی کووِڈ ریکارڈ ویریفائر

مرحلہ 2: ریکارڈ اسکین کریں

سرپرست (Patrons) یا تو یہ پیش کریں گے:

کیوآرکوڈ کے ساتھ ایک پرنٹ شدہ ریکارڈ

COVID-19 Immunization Record

First Name
Sarah

Last Name
Alberta

Birthdate
Dec 9, 1982

SAMPLE

Covid Records is a service from Alberta Health
Information contained in this record is confidential. Modification and/or improper use of this document are prohibited, and may be subject to criminal prosecution.

Alberta

Vaccination Record
The information in this report is provided as of Thursday, September 30, 2021, 8:12 AM.

Date Administered	Vaccine Name	Description	Source
DOSE 1 of 2 Apr 21, 2021	AZ-COVID-19 ChAdOx1 - NR viral Vector	AstraZeneca/University of Oxford	Government of Alberta - Provincial Immunization Repository
DOSE 2 of 2 Jun 17, 2021	COVID-19 BNT162b2 - mRNA	Pfizer/BioNTech	Government of Alberta - Provincial Immunization Repository

یا ان کے فون پر کیوآرکوڈ

اسکیننگ کی ہدایات

- فون سے اسکین کرنا: سرپرست کو اپنے فون اسکرین کی روشنی بڑھانا اور کیو آرکوڈ کو زوم کرنا ہے۔

کاغذ سے اسکین کرنا: اگر ریکارڈ خراب ہوا ہو، کیو آرکوڈ پر تہہ کیا ہوا ہو، یا اگر چھوٹی سکیل یا کم کوالٹی میں پرنٹ ہوا ہو، تو ممکن ہے ریکارڈ اسکین نہ ہو سکے، ریکارڈ کے پرنٹ شدہ حصے پر دستی طور پر معلومات کی تصدیق کریں، یا سرپرست سے alberta.ca/CovidRecords پر سے نیا ریکارڈ ڈاؤن لوڈ کرنے کیلئے کہیں۔

- متعدد ریکارڈوں کو اسکین کرنا: اگلے فرد کے ریکارڈ پر جانے سے پہلے "اسکین نیکسٹ" پر کلِک کریں۔

اسکیننگ کے بعد آپ کیا دیکھیں گے

ریکارڈ درست ہونے کا پیغام



- سرپرست کا ویکسین ریکارڈ تمام ضروریات کو پورا کرتا ہے۔ مرحلہ 3 پر جائیں - شناخت کی تصدیق کیلئے ان کی شناخت کے مقابل نام اور تاریخ پیدائش چیک کریں۔

ریکارڈ درست نہ ہونے کا پیغام

- ممکن ہے کہ سرپرست ابھی حفاظتی ٹیکوں کی ضروریات کو پورا نہ کر سکتا ہو:
    - o مکمل ویکسینیشن (دوسرے ٹیکے کے 14 دنوں کے بعد) 25 اکتوبر کے بعد درکار ہے۔
    - o جزوی ویکسینیشن (پہلے ٹیکے کے 14 دنوں کے بعد) 25 اکتوبر تک قبول کی جائے گی۔
- اگر سرپرست کو لگتا ہے کہ کوئی غلطی ہے، تو وہ alberta.ca/CovidRecords سے نیا ریکارڈ ڈاؤن لوڈ کرنے کی کوشش کر سکتا ہے۔
- اگر کوئی سرپرست ویکسینیشن کا ثبوت، کووِڈ-19 کا منفی ٹیسٹ (پچھلے 24 گھنٹوں کے اندر اندر) یا طبّی استثنٰی دکھانے کے قابل نہیں ہے، تو ان کے داخلے کیلئے لازمی طور پر انکار کرنا ہوگا۔

Archived

©2021 Government of Alberta | Published: October 2021

Alberta

Classification: Public

مرحلہ 3 - ذاتی شناخت کے مقابل چیک کریں

حفاظتی ٹیکوں کے ثبوت کی تصدیق کے بعد، آپ کو 18 سال اور اس سے زائد عمر کے سرپرستوں کی شناخت لازمی طور پر چیک کرنا ہوگی تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ داخلے کیلئے ان کے حفاظتی ٹیکوں کے ثبوت پر نام اور تاریخ پیدائش ان کی ذاتی شناخت سے مماثل ہیں۔

پابندیوں سے مستثنٰی پروگرام میں حصہ لینے والے کاروباروں کیلئے ذاتی شناخت کی تصدیق کرنا لازم ہوگی۔ تعمیل میں ناکامی کے نتیجے میں 2,000 ڈالر جرمانہ یا مقدمہ چلایا جا سکتا ہے۔

قابل قبول ذاتی شناخت کی مثالوں میں مندرجہ ذیل شامل ہیں (تصویری شناخت کی ضرورت نہیں ہے):

- پیدائش کا سرٹیفکیٹ
- سیٹیزنشپ کارڈ
- ڈرائیور کا لائسنس
- حکومت کا جاری کردہ شناختی کارڈ
- صحت کی نگہداشت کا کارڈ
- میٹیس کارڈ، ٹریٹی کارڈ یا انیوٹ اسٹیٹس کارڈ
- پاسپورٹ

اگر سرپرستوں کا نام یا تاریخ پیدائش غلط ہے، تو انہیں alberta.ca/CovidRecordsHelp پر درج اقدامات کا استعمال کرکے اسے لازمی طور پر درست کرنا ہوگا۔

Archived

©2021 Government of Alberta | Published: October 2021

Classification: Public